تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

November 07,2024

پریس ریلیز

قیو ایس ایشیا یونیورسٹی رینکنگ دو ہزار پچیس میں جامعہ ملیہ اسلامیہ کی بہترین رینکنگ

لندن کی قیو ایس یونیورسٹی رینکنگ ایجنسی کی جاری کردہ قیو ایس ایشیا یونیورسٹی رینکنگ دو ہزار پچیس فہرست میں جامعہ ملیہ اسلامیہ کو ایک سو اٹھاسیویں رینک ملی ہے اور جامعہ نے گزشتہ سال کے اپنے دو سو چھ رینک سے بہتر کیا ہے۔موقر قیو ایس ایشیا یونیورسٹی رینکنگ دو ہزار پچیس نے ایشیا کی نو سو چوراسی سرکردہ یونیورسٹیوں کو فہرست میں شامل کیا ہے۔

پروفیسر مظہر آصف شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ اور مسجل پروفیسر محمد مہتاب عالم نے اساتذہ، غیر تدریسی عملہ اور طلبا کو اس کامیابی کے لیے مبارک باد دی ہے۔انھوں نے کہا کہ یونیورسٹی کے لیے یہ امر باعث فخر واطمینان ہے۔اس سے پتا چلتا ہے کہ اساتذہ، غیر تدریسی عملہ اور طلبا کی کاوشوں اور ان کی مساعی کو بین الاقوامی سطح پر سراہا جارہا ہے۔جامعہ قومی اور بین الاقوامی رینکنگ میں سرگرمی سے حصہ لیتی رہی ہے۔جامعہ اپنی رینکنگ مزید بہتر کرنے کے لیے مستقبل میں بھی متواتر کوشش کرتی رہے گی۔

تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی